*Flow Chart* *Macro Structure*

107: سُوْرَۃُ لھب/المَسَد؛ مکّیہ آیات: 5 پیراگراف:2

**زمانۂ نزول:** سُوْرَۃُ لھب/المَسَد؛ غالبًا رسول ﷺ کے قیام مکہ کے دوسرے دور میں اعلانیہ تبلیغ کے بعد 4 نبوی میں نازل ہوئی، جب آپ نے کوہ صفا پر چڑھ کر اعلانیہ تبلیغ کی، جس پر ابو لہب نے آپ کے لیے غیر مناسب الفاظ استعمال کیے۔ (صحیح بخاری 4،687)

یا پھر ہو سکتا ہے، یہ سورت اس وقت ہوئی، جب آپ ﷺ کو شعب ابی طالب میں تین سال کے لیے (7 تا 10 نبوی) نظر بند کر دیا گیا تھا اور جب ابو لہب نے خود اپنے خاندان بنی ہاشم کو چھوڑ کر کافروں کا ساتھ دیا تھا۔

**پیراگراف 1: آیات 1 تا 3**

ابو لہب کے برے انجام کی پیش گوئی۔

**پیراگراف 2: آیات 4 تا 5**

ابو لہب کی بیوی اُم جمیل کے عبرتناک انجام کی پیش گوئی۔

**مرکزی مضمون:**

اسلام میں نجات کا دار مدار، نسب پر نہیں، بلکہ ایمان اور حسنِ عمل پر ہے۔ رسول ﷺ کا دنیا پرست، بخیل، دشمن اسلام قریبی رشتہ دار اور اس کی سازشی بیوی بھی برے انجام سے دوچار ہوں گے